ایس او پیز (SOPs) نمبر: ابدالین سوسائٹی فیز-I :09 مورخہ: 2026-01-01

ایس او پی (SOPs) برائے گھریلو ملازمین

1- گھریلو ملازمین کو معمول کی گھریلو ملازمتوں کے لیے ملازم رکھنا جائز ہے۔

2- ذیل میں دو قسم کے کارکنوں کی اجازت ہے۔

ا- پہلی قسم کے وہ ملازمین جو مالک کے مکان میں رہائش کے ساتھ 24 گھنٹے ملازمت کرتے ہیں۔

ب- دوسری قسم کے وہ ملازمین جو دن میں کام کر کے واپس چلے جاتے ہیں۔

3- گھر کے مالکان / تمام رہائشی حضرات کو نوکروں کو ملازمت دیتے وقت مستعدی سے کام لینا چاہیے اور گھر کے مالکان وکرایہ داران کو نوکروں کو ملازمت دینے سے پہلے ان کی سابقہ ہسٹری حاصل کریں۔

5- گھر کے مالکان / تمام رہائشی حضرات نوکروں کی تصدیق کے لیے پولیس کلیئرنس سرٹیفکیٹ بھی حاصل کریں۔

6- گھر کے مالکان / تمام رہائشی حضرات سوسائٹی کے دفتر میں اپنے ملازمین کی تمام تفصیلات فراہم کریں گے اور ہر ملازم کے لیے ورک پرمٹ/کارڈ حاصل کریں۔فی ملازم کے کمپیوٹرائزڈ کارڈ کی فیس مبلغ-/200 روپے ہوگی۔

7- گھر کے مالکان / تمام رہائشی حضرات کے لئے لازم ہے کہ جب ان کا ملازم ملازمت چھوڑ دے تو وہ سوسائٹی آفس کو مطلع کریں اور ورک پرمٹ/ ملازمین کارڈ واپس اپنے ملازم سے لے کر سوسائٹی آفس میں جمع کروادیں۔

9- ملازمین کے بچوں کو پارک میں صرف مخصوص اوقات میں کھیلنے کی اجازت دی جا سکتی ہے، تاہم انہیں بغیر نگرانی کے کھیلنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

10- ہر گھر میں ملازمین کی تعداد 03 سے زیادہ نہ کی جائے۔

11- مالک مکان ملازمین کے لیے قیام و طعام کی تمام تر سہولیات خود فراہم کرے گا۔

12- کسی بھی گھر کے ملازم کو ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی کہ وہ عام سہولیات اور سوسائٹی کے عوامی بیت الخلاء کو مستقل بنیادوں پر استعمال کرے۔

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

جنرل سیکرٹری